© rasailojaraid.com

تبصرے

جدید رسائل اور خاص نمبر

مجلّہ علوم اسلامیہ - مرتبہ ڈاکٹر مختار الدین احمد - تقطیع کلاں ضخامت ۲۲۲ صفحات ٹائپ خوبصورت اور روشن - قیمت فی پرچہ پانچ روپیہ - پتہ :- انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز - مسلم یونیورسٹی علی گڑھ -

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ ششماہی مجلّہ مسلم یونیورسٹی کے ادارہ علوم اسلامیہ کی طرف سے گذشتہ ماہ جون سے شائع ہونا شروع ہوا ہے - یہ اُس کا پہلا نمبر ہے - اس میں عربی اور فارسی ادبیات پر دس مقالات ہیں جو علم و ادب کی نامور شخصیتوں کی علمی و تحقیقی کاوش کا ثمرہ ہیں - اس کے بعد معرفۃ المذاہب نامی ایک مختصر مخطوطہ کا متن ہے جس کو ڈاکٹر عبد العلیم صاحب نے اڈٹ کیا ہے - پھر معلومات و مراسلات کے زیر عنوان لائق مرتب نے آخری خلیفہ خلافت بغداد معتصم باللہ کے مشہور وزیر ابن العلقمی کے کتب خانہ کے ایک مخطوطہ کتاب الموشح سے جس پر وزیر موصوف کے دستخط بھی ہیں متعارف کرایا ہے اور ڈاکٹر سید نعیم الدین نے ٹرکی کے دو مخطوطوں سے عرفی کے ۲۷ شعر جو اب تک غیر مطبوعہ ہیں شائع کیے ہیں - اس کے بعد جدید کتب کے سلسلہ میں ڈاکٹر نذیر احمد نے دیوان ابو طالب کاشانی پر تبصرہ کیا ہے - آخر میں جرمنی کے مشہور مستشرق پروفیسر العرلستان پر ڈاکٹر عبد الستار صدیقی کا بڑا دلچسپ اور معلومات افزا مقالہ ہے، پہلے مقالہ کو مستثنیٰ کر کے جو ڈاکٹر اسٹرن کے قلم سے اندلس کی نزہون نامی ایک شاعرہ کے موشحہ نظم پر عربی زبان میں ہے، باقی سب مقالات اُردو میں ہیں اور علمی حیثیت سے بلند پایہ اور محققانہ ہیں، پنجاب یونیورسٹی لاہور کے پرانے اورنٹیل کالج میگزین کے بعد غالباً عربی اور فارسی ادبیات سے متعلق اردو کا یہ دوسرا اعلیٰ معیار کا تحقیقی پرچہ ہے جو انسٹیٹیوٹ کی شایانِ شان ہو اس سے ایک اہم خلا جو عرصہ سے محسوس کیا جا رہا تھا اس کی تکمیل ہو گئی - اُمید ہے کہ علمی حلقوں میں اس کا خاطر خواہ خیر مقدم کیا جائیگا -

مجلس - اڈیٹر جناب محمد منظور احمد صاحب - تقطیع کلاں ضخامت ۱۸۰ صفحات - ٹائپ عمدہ - سالانہ

© rasailojaraid.com